12 اکتوبر 2023ء

75روپے کا سبز اور نیلا نوٹ لیگل ٹینڈر رہیں، اسٹیٹ بینک کی وضاحت

بینک دولتِ پاکستان کی جانب سے یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ **اسٹیٹ بینک آف پاکستان ایکٹ 1956**ء کے ذیلی سیکشن کے تحت اسٹیٹ بینک کی طرف سے جاری کردہ تمام بینک نوٹ بشمول یادگاری نوٹ درج رقم کے اعتبار سے وفاقی حکومت کی ضمانت کے حامل اور پاکستان بھر میں (لیگل ٹینڈر) قانونی طور پر استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

لہٰذا عوام کی معلومات کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ 14 اگست 2022ء کو پاکستان کے 75ویں یومِ آزادی کے موقع پر جاری کردہ 75روپے (بیشتر سبز رنگ کا حامل) کا نوٹ اور اسٹیٹ بینک کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے پر 04 جولائی 2023ء کو جاری ہونے والا 75روپے (بیشتر نیلے رنگ کا حامل) کا نوٹ پورے پاکستان میں لیگل ٹینڈر (قانونی طور پر قابلِ استعمال) ہے۔



مذکورہ بینک نوٹوں کو تبادلے کے ذریعے یعنی نجی اور سرکاری واجبات کے تصفیے کے لیے یکساں طور پر استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسٹیٹ بینک اور تمام کمرشل بینک یہ نوٹ عوام کو جاری اور ان سے قبول کریں گے۔

مزید بر آں، اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ نوٹوں کے ڈیزائین اور حفاظتی خصوصیات کے بارے میں معلومات کے حصول کے لیے ایس بی پی کی ویب سائٹ کا یہ لنک ملاحظہ کیجیے۔ https://www.sbp.org.pk/finance/Pak.asp.